شہد سے میٹھا نام

محمد ﷺ

تصنیفِ لطیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا

علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ

ناشر

ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور

۷۸۶
۹۲

کتاب ہذا میں تاجدار کل کائنات امام الانبیاء والرسل حضور سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسم مبارک محمد کے فضائل وکمالات ومعجزات وبرکات بہترین عجائبات اور اعلیٰ نکات و لطائف کا بیان ہے

شہد سے میٹھا نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف لطیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا علامہ محمد فیض احمد اُویسی رضوی قادری مدظلہ

ناشر

اِدارہ تصنیفات علامہ اُویسی بہاول پور

تقسیم کار

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاول پور (پاکستان)

نام کتاب	شہد سے میٹھا نامِ محمد
مصنف	حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی
تصحیح	چودھری مشتاق محمد خاں صاحب
ناشر	ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور
بہ اہتمام	حافظ رحیم بخش اویسی ناظم مکتبہ اویسیہ
طابع	
ضخامت	صفحات
طباعت	آفسٹ
سائز	۱۸ × ۲۳ / ۸
بار دوم	سنہ ۱۴۰۵ھ / سنہ ۱۹۸۵ء
قیمت	ـــــــــــ ۳۰/ روپے

اشعار

اعلحضرت امام اہلسنت فاضل بریلوی قدس سرہٗ نے نام محمدؐ پہ عقیدت کے جواہر نثار کیئے ؎

(۱) تیرے نام پہ میری جاں فدا اک جاں کیا دو جہاں فدا۔
دو جہاں سے نہیں جی بھرا کروں کیا کروں جہاں نہیں

(۲) حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں۔
سر کٹاتے ہیں تیرے نام پہ مردان عرب۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ؎
یہی نام ہے بیکسوں کا سہارا۔
یہی نام ہے دردمندوں کا چارہ
میرا مُنہ لیا چوم روح الامیں نے
لیا میں نے جس وقت نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم

اسم محمد پر نقطہ کیوں نہیں:۔ چونکہ نقطے کی ظاہری شکل و صورت مکھی کے مشابہ ہے۔ اسی لیے اللہ تعالےٰ کو گوارا نہ ہوا کہ اپنے محبوب کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے نام اقدس پر ایک گندی شے کے مشابہ کوئی شے ملحق ہو۔ چنانچہ حضرت امام شہاب الدین خفاجی حنفی نے نسیم الریاض صـ۲۸۲ جـ۲ میں لکھتے ہیں۔

"وتظرف بعض علماء العجم فقال محمد رسول الله ليس فيه حرف منقوط لان النقط تشبه الذباب فصين اسمه"